کھلے سٹور فرنٹس کے کثرت سے پوچھے گئے سوالات

v. 10/28/2020

1. کھلے سٹور فرنٹس کی درخواست کرنے کا اہل کون ہے؟

گراؤنڈ فلور پر موجود کوئی بھی سٹور فرنٹ کا کاروبار جہاں عوام کو اشیاء اور/یا خدمات کی براہ راست فروخت کا کام کیا جا رہا ہو۔ ریٹیل تجارت میں شامل کاروبار (یعنی کہ کپڑے اور ساز و سامان کے اسٹورز، ریٹیل فوڈ اسٹورز، صحت و ذاتی نگہداشت کے اسٹورز) نیز مرمتی اسٹورز، ذاتی نگہداشت کی خدمات، اور ڈرائی کلیننگ اور لانڈری کی خدمات بیٹھنے، لائن میں لگنے یا ڈرائی چیزیں ڈسپلے کرنے کے لیے جگہ استعمال کرنے کے قابل ہوں گے۔

"گراؤنڈ فلور سٹور فرنٹ" کا کاروبار ایک ایسا کاروبار ہے جس تک گلی سے براہ راست رسائی ہو اور اسٹور کا سامنے کا حصہ کناروں پر موجود فٹ پاتھ پر ہو۔

2. اوپن سٹور فرنٹس کے پروگرام کے اندر کون سی سرگرمیوں کی اجازت ہے / نہیں ہے؟

- عارضی علامتی نشانات (یعنی کہ اے فریمز) آویزاں کر سکتے ہیں، اشیاء نمایاں کر سکتے ہیں، ٹرانزیکشنز مکمل کر سکتے ہیں، کرسیاں اور رسیاں/شہتیر ڈال سکتے، تشہیری سرگرمیاں انجام دے سکتے، اور پگڈنڈی کے محدود حصوں میں بند ہو جانے کے قابل چھتریاں [اوپن سٹریٹس: ریستوران کے حصے کے طور پر لگا سکتے ہیں]
- بیرونی حصوں میں ہیٹرز نہیں رکھے جا سکتے
- باہر صرف خشک اشیاء فروخت کی جا سکتی ہیں، ماسوائے ان اشیاء کے جن کی باہر فروخت ممنوع ہے (یعنی کہ شراب، سگریٹس/تمباکو/ای سگریٹس، فارماسیوٹیکلز، بالغان کی اشیاء)
- باہر ذاتی خدمات (یعنی کہ بال کاٹنا، زیبائش) انجام نہیں دی جا سکتیں
- صرف ان اشیاء کو باہر فروخت کیا جا سکتا ہے جن کی اندرونی فروخت کا اس کاروباری ادارے کو پہلے ہی لائسنس ملا ہوا ہو، یا جسے فروخت کرنے کے لئے نیا لائسنس درکار نہ ہو
- لازمی طور پر ان تمام موجودہ اجازت ناموں اور ضوابط کی پاسداری کی جانی چاہیئے جو مصنوعات کی نمائش اور فروخت سے تعلق رکھتے ہوں
- صارف کی خریدی مصنوعات کو آؤٹ ڈور ڈراپ آف اور پک اپ کرنے کی اجازت ہو سکتی ہے
- آواز اونچی کرنے کی ممانعت ہے
- ممکن ہے کہ اجازت کے حامل ریستوران کے سوا دیگر کاروباری اداروں کو فٹ پاتھ یا راہ گزر کا سامنے کا حصہ (مفت میں یا کسی اور طرح) استعمال کرنے کی اجازت نہ ہو
- ممکنہ طور پر 30 اکتوبر سے 31 دسمبر، 2020 تک اہل سرگرمیاں انجام دی جا سکتی ہیں
- جب DSNY برف باری کا انتباہ نافذ العمل ہو تو لازم ہے کہ تمام بیرونی سرگرمیاں معطل کی جائیں

3. کون سا فٹ پاتھ یا سٹریٹ اہل ہے؟

نیویارک شہر میں 8’ سے چوڑے تمام تر فٹ پاتھ اوپن سٹور فرنٹس کے پروگرام کی جانب سے مروجہ نشستی معیار کے عین مطابق استعمال میں لائی جا سکتی ہیں۔

وہ تمام سٹریٹس جو اوپن سٹریٹس: ریستوران (Open Street Restaurants) پروگرام میں شرکت کر رہی ہوں انہیں مروجہ نشستی معیار کے عین مطابق استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔

4. بیرونی فٹ پاتھ کی جگہ کو استعمال کرتے ہوئے میں کب اپنی دکان کا آغاز کر سکتا ہوں؟

وہ تمام دکانیں جو کاروباری سرگرمیوں کے لئے عوامی فٹ پاتھ کی اضافی جگہ استعمال میں لانا چاہ رہے ہوں انہیں لازماً nyc.gov/openstorefronts پر ایک آن لائن فارم جمع کروانا ہو گا اور وہ جمع کروا دینے (30 اکتوبر کو یا اس کے بعد) کے بعد وہ اپنا کام شروع کر سکتے ہیں

5. میرا کاروباری مرکز بیسمنٹ کی سطح پر ہے لیکن یہ سٹریٹ کے ذریعے عوام کے لئے قابلِ رسائی ہے۔ کیا میں اوپن سٹور فرنٹس میں شامل ہو سکتا ہوں؟

یہ کام پر منحصر ہے۔ اگر آپ ایک ایسا کاروباری مرکز ہیں جو کہ اشیاء اور/یا خدمات کی عوامی فروخت پر مشتمل ہے، اسٹور کا داخلی راستہ سٹریٹ کے ذریعے عوام کے لئے قابل رسائی ہے، اور کاروباری مرکز کا سامنے کا حصہ صرف آپ کے کاروبار سے متعلق ہے (یعنی کہ دیگر سٹور فرنٹ دکان سے اشتراک کردہ نہیں ہے)، تو آپ اوپن سٹور فرنٹس کے پروگرام میں شامل ہو سکتے ہیں، خواہ گاہکوں کو آپ کی سٹور فرنٹ میں داخل ہونے کے لئے سیڑھیاں اتر کر آنا پڑے۔ جائے کار کی تمام معیاری ہدایات کی تاحال پیروی کی جانی چاہیئے۔

6. جب میرا کاروبار بند ہو گا، تو کیا میں فٹ پاتھ پر موجود چیزوں کو اسٹور اور لگا سکتا ہوں؟

نہیں۔ تمام اشیاء اور ساز و سامان کو کاروبار کی بندش پر لازمی طور پر اندر لانا ہو گا۔ لگائے گئے پودے یا بینچز کو موجودہ اصولوں (یعنی کہ کاروباری مرکز کی دیوار سے لگا کر یا حتی الامکان قریب کر کے) کے تحت باہر رکھا جا سکتا ہے۔

7. میرے کاروباری مرکز کے ساتھ ایک چبوترے والا اسٹینڈ موجود ہے، کیا میں اس کا استعمال جاری رکھ سکتا ہوں؟

ہاں، بشرطیکہ آپ کے پاس دکان سے ملحقہ چبوترے کا حالیہ لائسنس موجود ہو۔ کاروباری مراکز ان شرائط و ضوابط کے تحت اپنی دکانوں سے ملحقہ چبوتروں کو استعمال کرنا جاری رکھ سکتے ہیں جو ان کے چبوترے کے ضمن میں جاری کی گئی ہوں۔ چبوتروں کو گرانے کی ضرورت نہیں ہے اور وہ کاروبار بند ہونے کے دوران اپنی جگہ قائم رہ سکتے ہیں۔

8. میرے کاروباری مرکز سے اگلا سٹور فرنٹ خالی ہے، کیا میں پڑوس کے سٹور فرنٹ کے سامنے اپنی چیزیں رکھ سکتا یا اشیائے صرف کی نمائش کر سکتا ہوں؟

نہیں۔ کاروباری مراکز صرف اپنے کاروباری مرکز کے باہر کے براہ راست موجود فٹ پاتھ کو استعمال کر سکتے ہیں، اور وہ اپنی سٹور فرنٹ کی چوڑائی سے تجاوز نہیں کر سکتے۔

9. کیا اوپن سٹور فرنٹس کو فٹ پاتھ کے ساتھ پارکنگ لین کو استعمال کرنے کا کوئی طریقہ میسر ہے؟

اوپن سٹور فرنٹس کا پروگرام راہ گزر کے استعمال کی اجازت نہیں دیتا۔ تاہم، اگر کوئی کاروباری مرکز مختص شدہ اوپن سٹریٹ: ریستوران کی راہداری میں قائم ہے، تو اس کاروباری مرکز کے پاس اوپن سٹریٹس: ریستوران پروگرام کے تحت فٹ پاتھ اور/یا راہ گزر استعمال کرنے کا اختیار موجود ہو گا۔

10. کیا اوپن سٹور فرنٹس کی درخواست دینے پر کسی فیس کا اطلاق ہوتا ہے؟

شہر پروگرام کی درخواست دینے پر کسی قسم کے چارجز عائد نہیں کرتا۔

11. کیا مجھے بیمہ کی ضرورت ہے؟

شہر تجویز دیتا ہے کہ آپ یہ یقینی بنانے کے لئے اپنے بیمہ ایجنٹ سے صلاح مشورہ کریں کہ آپ کے پاس مناسب کوریج موجود ہو۔

12. روزانہ کے اوقاتِ کار کیا ہوں گے؟

اوپن سٹور فرنٹس کو استعمال کیا جا سکتا ہے:

- پیر-ہفتہ: صبح 8 بجے - رات 11 بجے تک
- اتوار: صبح 10 بجے - رات 11 بجے تک

تاہم، کاروباری مرکز صرف کاروباری اوقات کے دوران فٹ پاتھ کو استعمال کر سکتے ہیں۔

13. میرا کاروبار صبح سویرے کھل جاتا ہے اور/یا اوپن سٹور فرنٹس کے مجاز کردہ اوقاتِ کار سے زیادہ دیر تک کھلا رہتا ہے۔ کیا میں اپنے کاروبار کے کھلے ہونے کے دوران باہر کی جگہ استعمال کر سکتا ہوں؟

کاروباری مرکز صرف کاروباری اوقات کے دوران فٹ پاتھ کو استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر کاروباری اوقات اوپن سٹور فرنٹس کے لئے مجاز کردہ اوقات سے پہلے اور/یا بعد کے ہیں، تو بیرونی استعمال کو لازمی طور پر مجاز کردہ وقت تک ختم کر دینا ہو گا۔ اوپن سٹور فرنٹس کے اوقات پیر تا ہفتہ صبح 8 تا رات 11 بجے تک، اور اتوار کو صبح 10 تا رات 11 بجے تک ہیں۔

مثال کے طور پر، اگر کوئی کاروباری مرکز اتوار کو صبح 9 بجے کھلتا ہے، تو ممکن ہے کہ کاروباری مرکز صرف صبح 10 بجے سے بیرونی جگہ کو استعمال کرنے کا آغاز کر سکے۔ اس کے برعکس، اگر کوئی کاروباری مرکز رات 10 بجے بند ہوتا ہے، تو کاروباری مرکز کو لازمی طور پر کاروبار کے اختتام کے اس وقت پر فٹ پاتھ کے استعمال کو روک دینا ہو گا۔

16. میرا کاروبار ریاستی COVID کلسٹر اقدام کے حصے کے طور پر بند ہے۔ کیا میں اوپن سٹور فرنٹس کے جزو کے طور پر اب بھی کام جاری رکھ سکتا ہوں؟

نہیں، اگر آپ کا کاروبار غیر ضروری سمجھا جاتا ہے۔ ناگزیر کاروبار اوپن سٹور فرنٹس میں شامل رہ سکتے ہیں۔ کاروباری اداروں کو لازمی طور پر ریاست NY اور DOHMH کی جانب سے مقرر کردہ ہدایات پر عمل کرنا چاہیئے۔

17. اوپن سٹور فرنٹس کے پروگرام کا دورانیہ کیا ہے؟

فٹ پاتھ کا مجاز سرگرمیوں کی خاطر استعمال 31 دسمبر 2020 تک جاری رہے گا۔

18. اگر میرے کاروباری مرکز کے سامنے موجود فٹ پاتھ پر پہلے سے کچھ نصب ہوا ہے، جیسا کہ بائیک اسٹینڈ یا سٹی بائیک اسٹیشن تو کیا ہو گا؟

شہر سٹریٹ فرنیچر کو ہٹائے گا نہ کہیں اور لگائے گا۔ علاوہ ازیں، کاروباری مرکز اپنی دکان کے باہر موجود فٹ پاتھ پر پہلے سے لگی کسی شہری املاک کو ہٹا نہیں سکتا۔ دکان کی جانب سے اس قسم کا ہٹانے کا عمل جرمانے میں منتج ہو سکتا ہے۔

19. کیا میں اپنے کاروباری مرکز کے سامنے موجود فٹ پاتھ پر لائٹ لگا سکتا ہوں؟

ہاں، بشرطیکہ لگائی گئی لائٹس ٹریفک آمدورفت کے لئے بصری دشواری کا ذریعہ نہ بنیں اور NYC فائر ڈیپارٹمنٹ اوپن فلیم (NYC Fire Department Open Flame) اور دیگر قابل اطلاق آتش زدگی کے ضوابط کے مطابق ہو۔

20. کیا میں اپنی پگڈنڈی کے دونوں نزدیکی اطراف میں اپنی اشیائے صرف یا چیزیں سجا سکتا ہوں اگر راہگیروں کے لئے درمیان میں آٹھ فٹ (’8) کا راستہ موجود ہو؟

نہیں، آپ صرف اپنے سٹور فرنٹ کے ساتھ منسلک فٹ پاتھ کے حصے کو استعمال کر سکتے ہیں، جو عمارت کی حد سے 5 فٹ کے حصے پر محیط ہو۔ آٹھ فٹ (’8) راہ گیروں کے راستے کی کم ترین گنجائش ہے۔

21. کیا میں 'آسائشی زون' کے فٹ پاتھ سے ملحقہ فٹ پاتھ پر اپنی اشیائے صرف یا چیزیں رکھ سکتا ہوں؟

نہیں، اشیاء اور چیزوں کو صرف دکان کے داخلی مقام سے لگا کر رکھنے کی اجازت ہے، بشرطیکہ چیزیں املاک کی حد سے 5 فٹ سے زیادہ دور نہ ہوں اور فٹ پاتھ کا آٹھ فٹ (’8) کا واضح راستہ کھلا رہے۔

22. میرے گراؤنڈ فلور کے کاروبار کے دو فرنٹ کے رخ ہیں، کیونکہ یہ سرے پر یا L شکل کا اسٹور ہے، تو میں اوپن سٹور فرنٹس کی درخواست میں آوٹ ڈور ریٹیل کی کل لمبائی (فٹ)* اور کل چوڑائی (فٹ)* کے حجم کا کیسے تعین کروں گا؟

کل لمبائی (فٹ)* پانے کے لئے دونوں حصوں کی لمبائی جمع کریں۔ آپ کی دکان کی چوڑائی دونوں سمتوں سے یکساں ہونی چاہیئے، سو کل چوڑائی (فٹ)* پانے کی خاطر، اس پیمائش کو استعمال کریں۔

23. مجھے پہلے ہی بیرونی ریٹیل جگہ تک رسائی ہے، کیا مجھے درخواست دینے کی ضرورت ہے؟

بیرونی ریٹیل جگہ کی اقسام میں کہ جنہیں NYC DOT اجازت کی ضرورت نہیں ان میں شامل ہے:

- نجی ملکیت کی حامل بیرونی جگہیں جیسے کہ سامنے کا صحن، راہداریاں، پچھلا صحن یا احاطہ
- نجی پارکنگ مقامات